# ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی/2021-22/17

ڈی او آر، ایس ٹی آر، آر ای سی 4/21.04.048/2021-22

7اپریل 2021

سبھی کمرشیل بینک (بشمول چھوٹے مالیاتی بینک، مقامی بینک اور علاقائی دیہی بینک)

سبھی پرائمری (شہری) کوآپریٹو بینک/ریاستی کوآپریٹو بینک/ضلع مرکزی کوآپریٹو بینک

سبھی آل انڈیا مالیاتی ادارے

سبھی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں (بشمول ہاؤسنگ مالیاتی کمپنیاں)

محترمہ/جناب

## املاک کی درجہ بندی اور آمدنی کی شناخت ذیل کے کووڈ 19 ریگولیٹری پیکیج کے اختتام پر

عزت مآب سپریم کورٹ آف انڈیا نے اپنے چھوٹے پیمانے والے صنعتی مینوفیکچررس ایسوسی ایشن بنام یو او آئی اور دیگر کے معاملہ میں اور دیگر متعلقہ معاملات میں 23 مارچ 2021 کو جو فیصلہ سنایا تھا، اس سلسلہ میں یہ مشورہ دیا جاتا ہے:

I. ''سود در سود'' پر واپسی/ایڈجسٹمنٹ۔

2. سبھی قرض دینے والے ادارے جلد از جلد بورڈ سے منظور شدہ پالیسی کے تحت ''سود در سود'' معاملہ میں واپسی/ایڈجسٹمنٹ کا ہرجانہ قرض لینے والا ادائیگی قرض کی التوا مدت مثلاً 1 مارچ 2020 سے 31 اگست 2020 اس تعریف کے ساتھ مذکورہ فیصلہ کی روشنی میں کرے۔ اس سلسلہ میں یہ بھی یقینی بنانا ہے کہ مذکورہ بالا عدالتی فیصلہ کا نفاذ یکساں طور پر اس جذبے کے ساتھ سبھی قرض دینے والے اداروں کے ذریعہ کیا جائے۔ رقم کے حساب لگانے کا طریقہ اور رقم کی واپسی/ایڈجسٹمنٹ کا حساب ہندوستانی بینک ایسوسی ایشن (آئی بی اے) کے مشورہ سے دیگر انڈسٹری حصہ دار/ادارہ کے ذریعہ ہوگا، جنہیں سبھی قرض دینے والے اداروں کو اختیار کرنا ہوگا۔

3. مذکورہ بالا سہولت کا نفاذ سبھی قرض لینے والوں بشمول ان پر بھی ہوگا، جنہوں نے ورکنگ پونجی کی سہولت کا فائدہ ادائیگی قرض کی التوا مدت میں اٹھایا ہے۔ قطع نظر رکھے کہ ادائیگی قرض کی التوا مدت کا فائدہ مکمل طور پر یا جزوی طور پر اٹھایا گیا یا نہیں اٹھایا گیا۔ سرکلر کے مطابق ڈی او آر نمبر بی پی، بی سی۔ 47/21.04.048/2019-20 اور ڈی او آر نمبر بی پی، بی سی 71/21.04.048/2019-20 مورخہ 23 مئی 2020 (کووڈ 19 ریگولیٹری پیکیج)

4. قرض دینے والے اداروں کو مجموعی رقم کا اعلان کرنا ہوگا، جو واپس/ایڈجسٹمنٹ رقم قرض لینے والوں سے مذکورہ بالا راحت کی روشنی میں کی جائے گی، جن کا مالیاتی اسٹیٹمنٹ سال کے آخر 31 مارچ 2021 میں ہوگا۔

II. املاک کی درجہ بندی

5. قرض لینے والے کے اکاؤنٹ سے املاک کی درجہ بندی قرض دینے والے اداروں کے ذریعہ حسب ذیل مذکورہ بالا فیصلہ کی بنیاد پر جاری ہوگی، ان ہدایات کی وضاحت حسب ذیل ہے۔

(i) جن کو کووڈ 19 ریگولیٹری پیکیج سے کسی ادائیگی قرض کی التوا مدت کا فائدہ نہیں ملا۔ ان کی املاک کی درجہ بندی ذیل کے معیار کے مطابق ماسٹر سرکلر۔ عاقبت اندیشانہ ضابطہ آمدنی شناخت، املاک کی درجہ بندی اور ایڈوانس کو ظاہر کرنے والی تجویز مورخہ 1 جولائی 2015 یا دیگر متعلقہ ہدایت کے مطابق ہوگی، جس کا اطلاق قرض دینے والے اداروں کے مخصوص زمرہ میں ہوگا (آئی آر اے سی ضابطہ)

(ii) جن افراد کو کووڈ 19 ریگولیٹری پیکیج کے تحت ادائیگی قرض کی التوا مدت کا فائدہ ملا ہے، ان کی املاک کی درجہ بندی کی مدت 1 مارچ 2020 سے 31 اگست 2020 کے درمیان سرکلر ڈی او آر نمبر بی پی۔ بی سی۔63/21.04.048/2019-20 مورخہ 17 اپریل 2020 کے تحت ہوئی۔ جن میں سرکلر ڈی او آر نمبر بی پی۔ بی سی۔71/21.04.048/2019-20 مورخہ 23 مئی 2020 کو شامل کرکے پڑھا جائے، آنے والے ماہ ستمبر 2020 کی مدت میں املاک کی درجہ بندی ہر زاویہ آر آر اے سی طریقہ کار کے تحت ہونا چاہئے۔

آپ کا مخلص

(منورنجن مشرا)

چیف جنرل منیجر